نماز کا وقت ہے آدمی بیمار ہے۔ اگر غسل یا وضو کرے گا تو پانی سے نقصان پہنچنے کا احتمال ہے۔ یا پانی کم ہے۔ وضو یا غسل نہیں ہو سکتا۔ یا ایک صورت یہ ہے کہ پانی ہے لیکن اگر اسے استعمال کیا جائے تو خود یا کسی بچے بلکہ کسی اپنے پلے ہوئے جانور کو پیاس کی شدید تکلیف اٹھانا پڑے گی یا پانی ہے اگر اس سے غسل اور وضو کر سکتا ہے یا نجاست دور کر سکتا ہے تو اس صورت میں پانی سے نجاست دور کرے اور پھر تیمّم کرے۔

پانی حاصل کرنے میں جان۔ مال یا نماز کا وقت ضائع ہونے کا خوف ہے یا پانی کی اتنی قیمت ہے جسے ادا کرنا نقصان کا سبب ہے یا سب سے بڑھ کر یہ بات ہے کہ پانی حاصل کرنے یا استعمال کرنے سے نماز قضا ہونے کا خطرہ ہے تو تیمّم کرنا چاہیئے۔

تیمم چھ چیزوں پر کر سکتے ہیں۔

(۱) خاک (۲) زمین (۳) ریت (۴) پتھر (۵) غبار (۶) گیلی مٹی جب کہ خشک کرنا ممکن نہ ہو۔

تیمم کرنا

پہلے نیت کرے کہ تیمّم کرتا یا کرتی ہوں میں بدل وضو یا غسل کے واسطے مباح ہونے نماز کے واجب یا سنت قربۃً الی اللہ پھر دونوں ہاتھوں کے اندرونی

حصے کو یکبارگی ایک دفعہ خاک شفا یا زمین پر مارے پھر انہی دونوں ہاتھوں کی اندرونی طرف بالوں کے اگنے کی جگہ پر رکھے اور نیچے کی طرف اس طرح کھینچے کہ تمام پیشانی اور اس کے اطراف اور ابروؤں کو ناک کے ابتدائی حصے تک مسح کرے بعد ازاں دائیں ہاتھ کے اندرونی حصے سے بائیں ہاتھ کی پشت اور بائیں ہاتھ کے اندرونی حصے سے دائیں ہاتھ کی پشت پر مسح کرے۔

طریقِ تیمم پہلے دونوں ہتھیلیوں۔ انگلیوں اور پیشانی سے ہر رکاوٹ کو دور کریں یعنی انگوٹھی اور پیشانی پر رکھی ہوئی دستار یا ٹوپی اتار لیں اس کے بعد نیت کریں۔ تیمم کرتا یا کرتی ہوں وضو یا غسل کے بدلے واسطے دور کرنے حدث اور مباح ہونے عبادت کے لئے واجب قربۃً الی اللہ۔

اب دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں سے ذرا ملا کر اور انگلیوں کو ذرا کھول کر پاک مٹی پر ماریں پھر دونوں ہاتھوں کو خاک سے اٹھا کر ماتھے پر اس طرح رکھ کر نیچے کی طرف لائیں کہ پورا ماتھا بال اُگنے کی جگہ سے اور ناک کی بلندی تک منہ کا ہاتھوں سے مسح ہو جائے۔

دوسری مرتبہ اسی مٹی کے ہاتھ سے ہاتھ کا مسح کریں مگر بائیں ہاتھ کی ہتھیلی سے دائیں ہاتھ کی پشت پر گٹے سے انگلیوں کے کنارے تک مسح کریں اور دائیں ہاتھ کی ہتھیلی سے بائیں ہاتھ کی پشت پر گٹے سے انگلیوں کے کنارے تک مسح کریں۔

دونوں ہاتھوں کا ترتیب سے مسح کرنے کے بعد دوبارہ پھر اسی مٹی پر ہاتھ ماریں اور ایک مرتبہ پھر داہنے ہاتھ کا مسح بائیں ہاتھ کی ہتھلی سے اور بائیں ہاتھ کا مسح دائیں ہاتھ کی ہتھلی سے کریں جیسے پہلے کیا تھا اور



۷

۹

۸

ہر مسح میں خیال رہے کہ جس سے مسح کیا جارہا ہے وہ ہاتھ حرکت کرے اور جس پر مسح کیا جارہا ہے وہ ساکن رہے

اذان واقامت

نماز پنجگانہ یعنی صبح۔ظہر۔عصر۔مغرب اور عشاء ہر ایک کے لئے اذان کہنا سنت ہے خاص کر ان نمازوں کے واسطے جن کی قرأت ہوتی ہے اور علاوہ پنجگانہ نماز کے باقی نمازوں کے لئے اذان کہنا حرام ہے۔ اقامت کہنا سنتِ موکدہ ہے اور اذان سے اس کا ثواب زیادہ ہے۔ وضو غسل یا تیمم کرنے کے بعد قبلہ کی طرف رخ کرکے کھڑے ہوں اور اذان کہیں۔

چار مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ

اللہ سب سے زیادہ بزرگ و برتر ہے

دو مرتبہ۔ اَشْہَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

میں گواہی دیتا ہوں اور اعلان کرتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

دو مرتبہ اَشْہَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ

میں گواہی دیتا ہو کہ محمدؐ خدا کے رسول ہیں

دو مرتبہ اَشْہَدُ اَنَّ اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلِیًّا وَّلِیُّ اللّٰہِ وَصِیُّ رَسُوْلَ اللّٰہِ وَخَلِیْفَتُہٗ بِلَا فَصْلٍ

میں گواہی دیتا ہوں کہ مومنوں کے امیر علی علیہ السلام اللہ کے ولی اور اللہ کے رسول محمد مصطفےٰ کے وصی اور ان کے بلافصل خلیفہ ہیں

دو مرتبہ۔ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ

جلد آؤ نماز کی طرف

دو مرتبہ: حَیَّ عَلَی الْفَلَاح

جلد آؤ نجات کی طرف

دو مرتبہ: حَیَّ عَلٰی خَیْرِ الْعَمَلِ

جلد آؤ عمل نیک کی طرف

دو مرتبہ: اَللّٰہُ اَکْبَرُ

اللہ سب سے زیادہ بزرگ و برتر ہے

دو مرتبہ: لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

اذان کے ختم ہوتے ہی اپنی جگہ سے ایک قدم آگے بڑھ کر یا دیں بیٹھ کر یا سجدے میں جا کر یہ دعا پڑھی جائے۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ قَلْبِیْ بَارًّا وَّ عَمَلِیْ سَارًّا وَّ عَیْشِیْ قَارًّا وَّ

پروردگارا! میرا دل نیک کام کرنیوالا۔ میرا عمل خوش کرنیوالا اور میری زندگی

رِزْقِیْ دَارًّا وَّ اَوْلَادِیْ اَبْرَارًا وَّاجْعَلْ لِّیْ عِنْدَ قَبْرِ

خوشگوار اور میری روزی زیادہ کردے اور میری اولاد کو نیک کر اور میری منزل و

نَبِیِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ مُسْتَقَرًّا وَّ

آرام گاہ اپنے نبی حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روضے کے نزدیک بنا

قَرَارًا وَّ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ط

دے۔ اپنی رحمت سے اے رحم کرنے والوں سے کہیں زیادہ رحم کرنے والے۔

اس کے بعد اقامت کہے

دو مرتبہ: اَللّٰہُ اَکْبَرُ

اللہ سب سے زیادہ بزرگ و برتر ہے

دو مرتبہ: اَشْہَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

میں گواہی دیتا ہوں اور اعلان کرتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

دو مرتبہ: اَشْہَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ

میں گواہی دیتا ہوں کہ محمدؐ اللہ کے رسول ہیں

دو مرتبہ: اَشْہَدُ اَنَّ اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلِیًّا وَّلِیُّ اللّٰہِ

میں گواہی دیتا ہوں کہ علی خدا کے ولی ہیں

دو مرتبہ: حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ

جلد آؤ نماز کی طرف

دو مرتبہ: حَیَّ عَلَی الْفَلَاح

جلد آؤ نجات کی طرف

دو مرتبہ: حَیَّ عَلٰی خَیْرِ الْعَمَلْ

جلد نیک عمل کی طرف آؤ

دو مرتبہ: قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃِ

نماز قائم ہو گئی

دو مرتبہ: اَللّٰہُ اَکْبَرْ

اللہ سب سے زیادہ بزرگ و برتر ہے

ایک مرتبہ: لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

نوٹ :-

۱- اذان و اقامت کے کلمات کہنے کے درمیان زیادہ دیر چپ نہیں رہنا چاہیئے کہ خصوصاً اقامت میں زیادہ فاصلہ نہیں ہونا چاہیئے۔

۲۔ اذان واقامت گانے کی آواز میں نہ ہو۔

۳۔ اذان واقامت کہتے ہوئے بات نہ کریں۔

۴۔ اذان واقامت کے فقرات میں ترتیب رکھنا ضروری ہے۔

۵۔ اذان واقامت نماز کے وقت ہی دی جائے۔

۶۔ اذان بلند اور اقامت اس سے کم آواز سے کہنا چاہیئے۔

۷۔ اذان سننے والے پر مستحب ہے کہ فصول اذان کو آہستہ آواز میں دھرائے۔

احکام سمت قبلہ

اگر کسی جگہ مطلق پتہ ہی نہ چلے کہ قبلہ کس سمت میں ہے تو ایک نماز کو چاروں طرف پڑھے اگر وقت کم ہو تو جس طرف اس کا گمان غالب ہو۔ اس طرف پڑھ لیں اور اگر نماز پڑھ چکنے کے بعد معلوم ہو کہ قبلہ کی طرف پشت تھی تو خواہ وقت باقی ہو یا نہ ہو نماز قضا پڑھے۔

نماز کا طریقہ

مصلّے پر آنے سے بیشتر اس چیز کا خیال رکھنا از حد ضروری ہے کہ جو کپڑے آپ نے پہنے ہوں وہ سب، بدن اور مصلّے (جائے نماز) پاک ہوں بلکہ لباس۔ جانماز اور مقام نماز یا تو آپ کی ملکیت میں ہوں یا اصلی مالک نے اس لباس کو پہن کر یا اس کپڑے اور زمین یا تخت وغیرہ پر کھڑے ہو کر نماز پڑھنے کی اجازت دی ہوئی ہو۔ بغیر اس کے نماز صحیح نہ ہوگی۔

اس تسلّی کے بعد آپ قبلہ کی طرف رُخ کر کے سیدھے کھڑے ہوں۔ اگر مرد ہیں تو پورا لباس پہن کر کھڑے ہوں تو بہتر ہے ورنہ کم از کم

قابل پردہ حصۂ جسم چھپا ہوا ہو۔ عورت پر واجب ہے کہ سوائے ماتھے، منہ، ہاتھ اور پاؤں کے سارا جسم چادر میں چھپا ہوا ہو۔ اپنے ہاتھ سینے پر رکھے اور کہنیاں جھکی ہوئی ہوں۔

اس اہتمام کے بعد نماز شروع کی جائے۔

پہلے اذان کہے پھر اقامت کہے۔ اقامت ختم کرنے کے بعد نماز شروع کریں۔

۱۔ نیت

بڑے خلوصِ دل اور توجہ سے روبقبلہ کھڑے ہو کر دل میں اس طرح نیت کریں اور کہیں کہ میں نماز صبح یا ظہر پڑھتا یا پڑھتی ہوں ادا واجب قربتہً الی اللہ۔ اگر سنتی نماز پڑھتی ہو تو یوں کہیں کہ فلاں نماز سنت پڑھتا یا پڑھتی ہوں سنت قربتہً الی اللہ۔ نیت کرنے کے بعد فوراً تکبیرۃ الاحرام یعنی اللہ اکبر کہیں اور دونوں ہاتھوں کو کانوں کی لَو تک اٹھائیے اس طرح پر کہ دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیاں قبلہ کی طرف ہوں پھر دونوں ہاتھوں کو سیدھا لٹکادیں کہ رانوں کے مقابل پہنچ جائیں اور مستحب ہے کہ عورت اپنے ہاتھوں کو جدا جدا سینے پر رکھے۔ دونوں پاؤں میں فاصلہ تین کشادہ انگلیوں سے لے کر ایک بالشت تک ہو اور عورت اپنے پاؤں ملائے رکھے۔ حالتِ قیام میں نگاہ مقام سجدہ کی طرف رکھیں۔ ہاتھوں کی انگلیاں آپس میں ملی ہوئی ہوں اور ایسی عاجزی سے کھڑے ہوں جس طرح ایک ادنٰے غلام اپنے آقا کے سامنے حاضر ہوتا ہے۔

۲۔ تکبیرۃ الاحرام

تکبیرۃ الاحرام (اللہ اکبر) کہنے کے بعد کچھ توقف کر کے یہ دعا پڑھیں

جو کہ مستحب ہے۔

اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ عَالِمِ

میں نے اپنا رخ اس ذات کی طرف کیا ہے جس نے آسمانوں اور زمینوں کو پیدا کیا

الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ مِلَّةِ اِبْرَاهِیْمَ وَدِیْنِ مُحَمَّدٍ صَلَّی

جو ظاہر و باطن کو جاننے والا ہے اور ملت ابراہیم اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَمِنْهَاجِ عَلِیٍّ عَلَیْهِ السَّلَامُ

اور علی مرتضٰے سلام اللہ علیہ کے طریق پر پھیرا۔

حَنِیْفًا مُّسْلِمًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ۝ اِنَّ صَلٰوتِیْ وَنُسُكِیْ

اور میں پکا مسلمان ہوں اور مشرک نہیں ہوں۔ تحقیق میری نماز اور

وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ لَا شَرِیْكَ لَهٗ

عبادتیں اور میری زندگی اور موت سب واسطے پروردگار عالمین کے لئے ہے۔ اس کا کوئی

وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ط

شریک نہیں اور اسی پر مامور ہوں اور میں سر تسلیم خم کرنے والوں میں سے ہوں۔

۳۔ قیام

خیال رکھئے کہ پورا جسم قبلہ رُخ ہو۔ تکبیر کہنے کے بعد جسم کو حرکت نہ دیں۔ دونوں ہاتھ رانوں پر رکھئے۔ نگاہ سجدہ گاہ پر ہو اور گردن یا کمر جھکی ہوئی نہ ہو۔

۴۔ قرأت

پھر آہستہ سے کہے۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۝

میں شیطان مردود سے خدا کی پناہ مانگتا ہوں

اس کے بعد سورہ الحمد پڑھے اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو اونچی آواز سے شروع کریں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور رحم کرنیوالا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ لا الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ لا مٰلِكِ

سب تعریفیں خدا کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے جو نہایت رحم کرنیوالا اور

یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ ط اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ۝ ط اِهْدِنَا الصِّرَاطَ

مہربان ہے اور قیامت کے دن کا مالک اور حاکم ہے ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد

الْمُسْتَقِیْمَ ۝ لا صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ ۝ لا غَیْرِ

چاہتے ہیں۔ ہمیں سیدھی راہ پر قائم رکھ۔ ان لوگوں کی راہ جن پر تونے اپنی رحمتیں نازل فرمائی ہیں۔

الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝ ع

نہ ان کی راہ جن پر غضب نازل کیا اور نہ ان کی راہ پر جو گمراہ ہوئے۔

اس کے بعد کوئی سورہ پڑھے بہتر ہے کہ سورہ قدر پڑھے کیونکہ اس کا پڑھنا بہت ثواب ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور رحم کرنے والا ہے

اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ ۝ لا وَمَا اَدْرٰكَ مَا لَیْلَةُ

ہم نے نازل کیا اس (قرآن) کو شب قدر میں اور تو جانتا ہے کہ شب قدر کیا چیز ہے

الْقَدْرِؕ لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍؕ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ

شب قدر ہزار مہینوں سے بہتر ہے ۔ نازل ہوتے ہیں فرشتے

وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ مِّنْ كُلِّ اَمْرٍۛ

اور روح اس رات اپنے پروردگار کے حکم سے ہر حکم کے واسطے

سَلٰمٌ ۛ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ

وہ شب سلامتی ہے صبح ہونے تک ۔

۵ - قیام متصل بہ رکوع

سورہ ختم کر کے ذرا ٹھہریئے۔ اسی قیام کو قیام متصل بہ رکوع کہتے ہیں اور یہ رکن ہے پھر اسی حالت میں اللہ اکبر کہیئے اس کے بعد رکوع کیجئے ۔

۶ - رکوع

رکوع یہ ہے کہ اس طرح جھکا جائے کہ ہتھیلیاں گھٹنوں تک پہنچ پائیں دونوں ہتھیلیاں گھٹنے کی چپنیوں پر رکھی جائیں اور گردن سے پشت تک ہموار ہو اسی حالت میں اطمینان کے ساتھ تین مرتبہ کہے ۔

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ

میرا عظیم پروردگار ہر عیب سے پاک و پاکیزہ ہے اور میں اس کی حمد کرتا ہوں

اور سنت ہے کہ ایک مرتبہ آخر میں صلوٰۃ پڑھے ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ ط

اے پروردگار! محمدؐ و آلِ محمدؐ پر رحمت نازل فرما

پھر سیدھے کھڑے ہو کر ایک مرتبہ کہے

سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ اللہ ہر حمد کرنے والے کی تعریف سنتا اور قبول فرماتا ہے

اس کے فوراً بعد ہاتھ کانوں تک لے جا کر اللہ اکبر کہے اور جب تکبیر ختم ہو جائے تو سجدہ میں جائے۔

۷۔ سجدہ

سجدہ یہ ہے کہ پاک زمین۔ کھجور کی چٹائی۔ لکڑی۔ پتہ یا بوقتِ ضرورت سادہ کاغذ رکھا جائے سب سے بہتر خاکِ کربلا کی سجدہ گاہ ہے۔ پیشانی، دونوں ہتھیلیاں۔ دونوں گھٹنوں کے کنارے اور دونوں پیروں کے انگوٹھوں کے سرے زمین ہموار پر ٹھہرے ہوں۔ اسی حالت میں تین مرتبہ پڑھے۔

سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی وَ بِحَمْدِہٖ

میں اپنے پروردگار کو ہر عیب سے پاک جانتا ہوں اور اس کی ثنا کرتا ہوں

اور سنّت ہے کہ ایک مرتبہ آخر میں صلوٰۃ پڑھئے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ ط

اے پروردگار! محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت نازل فرما۔

پھر دونوں ہاتھ اٹھا کر اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہے اور سجدے سے سر اٹھا کر اس طرح بیٹھے کہ دائیں پیر کی پشت بائیں پیر کے تلوے پر ہو دونوں ہاتھ رانوں پر اور اب یہ کہے:۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ

میں اپنے اللہ اور پروردگار سے مغفرت مانگتا ہوں اور اسی کی توبہ کرتا ہوں

پھر دونوں ہاتھوں کو اٹھا کر اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط کہے اور دوسرے سجدہ میں پہلے سجدہ کی طرح تمام امور بجا لائے اور پھر سجدے سے سر اٹھا کر درست دونوں رانوں بیٹھ کر اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہے اور دوسری رکعت کے لئے کھڑا ہوتے وقت کہے۔

بِحَوْلِ اللّٰهِ وَقُوَّتِهٖ اَقُوْمُ وَاَقْعُدُ

اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی قوت سے اٹھتا اور بیٹھتا ہوں

اور ہاتھوں کو ٹیک کر سیدھا کھڑا ہو جائے اور پہلی رکعت کی طرح دوسری رکعت شروع کریں اور سورہ حمد پڑھنے کے بعد سورۂ توحید پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

میں اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان اور رحم کرنے والا ہے

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ لا وَلَمْ

اے محمدؐ کہہ دے وہ اللہ ایک ہے وہ بے نیاز ہے نہ اس سے کوئی پیدا ہوا ہے

يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا ہے اور نہ کوئی اس کا ہمسر اور نظیر ہے۔

اس کے فوراً بعد تین بار کہے۔

كَذٰلِكَ اللّٰهُ رَبِّيْ

ایسا ہی ہے میرا رب

اور دونوں ہتھیلیوں کو آسمان کی طرف اٹھا کر اور منہ کے برابر لا کر دعائے قنوت پڑھے

۸۔ قنوت

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَعَافِنَا وَاعْفُ عَنَّا

یا اللہ! ہم کو بخش دے اور ہم پر رحم فرما اور ہمیں تندرستی سے رکھ

فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ط اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

ہمیں دنیا اور آخرت میں معاف کر دے کیونکہ تو ہر چیز پر ہر طرح کی قدرت رکھتا ہے

پھر درود شریف پڑھے۔

قنوت کے بعد اللہ اکبر کہیں اور رکوع میں جائیں اور تین مرتبہ سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ اور آخر میں ایک مرتبہ صلوٰۃ پڑھے۔ رکوع سے فارغ ہو کر کھڑے ہوں اور سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ کہہ کر سجدے میں جائیں اور تین مرتبہ یہ ذکر کریں۔ سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی وَبِحَمْدِہٖ پھر صلوٰۃ پڑھے اور پھر سر اٹھائیں اور کہیں۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ — اَللّٰہُ اَکْبَرُ پھر دوسرا سجدہ کریں اور تین مرتبہ کہیں سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی وَبِحَمْدِہٖ اور آخر میں ایک مرتبہ صلوٰۃ پڑھے اور جب دوسرے سجدے سے سر اٹھائیں تو مرد بیٹھنے میں دائیں پاؤں کی پشت کو بائیں پاؤں کے تلوے پر رکھے اور بائیں کولہے کے بل بیٹھے اور دونوں ہاتھ دونوں رانوں پر رکھے مستحب ہے اور کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ۔

۹- تشہد

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْکَ لَهٗ ط وَاَشْهَدُ

میں گواہی دیتا ہوں کہ خدا کے سوا کوئی معبود و لائق عبادت نہیں۔ وہ تنہا ہے۔ کوئی

اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی

اس کا شریک نہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد مصطفٰے اس کے بندے

مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ ط

اور رسول ہیں۔ اے خدا محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت نازل فرما!

اب یہاں سے دو حالتیں ہیں

(۱) اگر دو رکعتی نماز ہے تو درود شریف کے بعد سلام پڑھے جو یہ ہیں۔

پہلا سلام:-

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

سلام ہو تم پر اے نبیؐ اور اللہ کی رحمت اور برکت نازل ہو

دوسرا سلام :-

اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ

سلام ہو ہم مومنین پر۔ اور انبیاء و ائمہ پر جو اللہ کے نیک بندے ہیں

تیسرا سلام :-

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

سلام ہو تم پر اے کاتبین اعمال اور اللہ کی رحمت و برکت نازل ہو

بعد ازاں تین مرتبہ کہے اَللّٰهُ اَكْبَرُ ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ اور تینوں مرتبہ ہاتھ کانوں تک لے جایئے۔ لہٰذا ختم ہوئی نماز اور مصلّے پر بیٹھ کر تسبیح جناب فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا پڑھیئے۔ اس کا پڑھنا بہت ثواب ہے۔ اس لئے پہلے نیت کرے کہ تسبیح پڑھتا ہوں یا پڑھتی ہوں۔ جناب سیدہ فاطمۃ الزہرا کی سُنّت قربتاً الی اللہ پھر ۳۴ مرتبہ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۳۳ مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۳۳ مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ اور پھر خدا سے اپنی حاجت طلب کرے اور اس کے بعد سجدۂ شکر کے لئے جھکے اور جھکتے ہوئے یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَتُبْ عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝ (ترجمہ) اے خدا! بخش دے مجھ کو اور رحم کر مجھ پر اور میری توبہ قبول فرما تو توبہ قبول کرنے والا رحیم ہے

اور سجدہ گاہ پر پیشانی رکھ کر تین بار کہے۔

اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ غَیْرُكَ یَا مَوْلَائِیْ۔

ترجمہ میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا ہے پس تو مجھے بخش دے کیوں کہ اے میرے مولا تیرے سوا کوئی گناہوں کا بخشنے والا نہیں۔ پھر اپنا داہنا رخسارہ زمین پر رکھ کر تین بار یَا اَللّٰہُ یَا رَبَّا یَا سَیِّدَاہُ کہے پھر بایاں رخسارہ زمین پر رکھ کر کہئے عَفْوًا لِلّٰہِ پھر پیشانی سجدہ گاہ پر رکھ کر تین بار کہے شُکْرًا لِلّٰہِ اور ایک بار لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ۔

(۲) اگر تین رکعتی یا چار رکعتی نماز ہے اور

تین رکعتی نماز یعنی نماز مغرب

اگر نماز مغرب پڑھنا ہے تو نیت کی جائے کہ تین رکعت نماز مغرب پڑھتا یا پڑھتی ہوں واجب قربۃً الی اللہ پھر تکبیرۃ الاحرام پڑھئے اور پھر جس طرح پہلی اور دوسری رکعت پڑھی جاتی ہے۔ اسی طرح پڑھیئے اور دوسرے سجدے اور تشہد کے لئے بیٹھنے کے بعد تشہد پڑھے اور اس کے بعد بِحَوْلِ اللّٰہِ وَقُوَّتِہٖ اَقُوْمُ وَاَقْعُدُ کہہ کر کھڑے ہوں اور تیسری رکعت پڑھیں۔ یعنی کھڑے ہو کر تین مرتبہ کہیں

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

اللہ پاک و پاکیزہ ہے اور اللہ کے لئے ہر قسم کی حمد ہے اور اللہ کے سوا

وَ اللّٰہُ اَکْبَرُ ط

کوئی معبود نہیں اور وہ سب سے بزرگ و برتر ہے

پھر اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ وَ اَتُوْبُ اِلَیْہِ : اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہہ کر رکوع۔ پھر سجدے میں جائیں اور دونوں سجدوں کے بعد تشہد کا ذکر کر کے سلام پڑھے اور اگر چار رکعتی نماز یعنی نماز ظہر یا نماز عصر یا نماز عشاء ہے۔

چار رکعتی نماز

اگر چار رکعتی نماز یعنی نماز ظہر یا نماز عصر یا نماز عشاء کی نماز پڑھنی ہو تو نیت میں اس نماز کا خیال رکھ کر نیت کریں اور تکبیرۃ الاحرام کہنے کے بعد پہلی تین رکعتوں میں وہی کچھ پڑھیں جو تین رکعتی نماز میں پڑھا ہے لیکن تیسری رکعت کے رکوع اور دونوں سجدوں کے بعد بحول اللّٰہ وقوتہ اقوم وَاَقعد کہہ کر چوتھی رکعت کے لئے کھڑے ہو جائیں اور جو تیسری رکعت میں تسبیحات پڑھی تھیں اس چوتھی رکعت میں بھی وہی پڑھیں پھر اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہہ کر رکوع کریں پھر دونوں سجدے کریں اور دونوں سجدوں سے فراغت کے بعد تشہد و سلام کے بعد نماز ختم کریں اور مصلے پر بیٹھ کر تسبیح جناب فاطمۃ الزہرا سلام اللّٰہ علیہا پڑھیں۔ پھر خدا سے اپنی حاجت طلب کریں۔ پھر سجدۂ شکر ادا کریں۔ اس کے بعد قبلہ رُو کھڑے ہو کر سُنّت کی نیت سے زیارت حضرت رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ و آلہ وسلّم پڑھیں۔



ہاتھ اٹھا کر دعائے قنوت پڑھیئے

زیارتِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ
اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حُجَّۃَ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ
یَا بَاعِثَ الْھُدٰی اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حَبِیْبَ اللّٰہِ
اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ ۔

پھر قبلہ سے ذرا دائیں طرف مُڑ کر اور انگشتِ شہادت سے روضہ جناب سیّد الشُہداء کی طرف اشارہ کر کے زیارت حضرت امام حسین علیہ السلام پڑھے۔

زیارتِ حضرت امام حسین علیہ السلام

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا
بْنَ رَسُوْلِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا بْنَ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ
وَبْنَ سَیِّدِ الْوَصِیِّیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا بْنَ فَاطِمَۃَ
الزَّھْرَآءِ سَیِّدَۃِ نِسَاءِ الْعٰلَمِیْنَ ۔ اَلسَّلَامُ عَلٰی جَدِّکَ
وَاَبِیْکَ وَعَلٰی اُمِّکَ وَاَخِیْکَ وَعَلَی الشُّھَدَآءِ مَعَکَ
فِیْ اَرْضِ کَرْبَلَا وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ ۔

پھر دائیں طرف کو ذرا اور مُڑ کر اور مشہد مقدس کی طرف رُخ کر کے زیارت امام رضا علیہ السلام پڑھیں۔

زیارتِ امام رضا علیہ السلام

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا غَرِیْبَ الْغُرَبَاءِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ

یَا مُعِیْنَ الضُّعَفَآءِ وَالْفُقَرَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مُغِیْثَ الشِّیْعَۃِ وَلِزَوَّارِ فِیْ یَوْمِ الْجَزَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا شَمْسَ الشُّمُوْسِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اَنِیْسَ النُّفُوْسِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اَیُّهَا الْمَدْفُوْنُ بِاَرْضِ طُوْسَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ وَعَلٰی اٰبَآئِکَ السَّبْعَۃِ وَاَبْنَآئِکَ الْاَرْبَعَۃِ وَرَحْمَۃُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهٗ

پھر قبلہ کی طرف رُخ کر کے زیارت حضرتِ حجت یعنی زیارتِ جناب صاحب العصر والزمان عجل اللہ پڑھیں۔

زیارتِ قائم آلِ محمدؐ

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا صَاحِبَ الْعَصْرِ وَالزَّمَانِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا خَلِیْفَۃَ الرَّحْمٰنِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اِمَامَ الْاِنْسِ وَالْجَآنِّ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا شَرِیْکَ الْقُرْاٰنِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا قَامِعَ الْکُفْرِ وَالطُّغْیَانِ عَجَّلَ اللّٰهُ تَعَالٰی فَرَجَکَ وَسَهَّلَ اللّٰهُ مَخْرَجَکَ وَظُهُوْرَکَ وَرَحْمَۃُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهٗ

ارکانِ نماز

نماز میں پانچ چیزیں رُکن ہیں۔

(۱) نیت (۲) تکبیرۃ الاحرام (۳) قیام متصل بہ رکوع۔(۴) رکوع (۵) دونوں سجدے۔

اگر کوئی شخص ان پانچ ارکان میں سے کوئی رکن ادا کرنے سے بھول جائے یا جان بوجھ کر چھوڑ دے تو نماز باطل ہوجائے گی لہذا دوبارہ پڑھنی پڑے گی۔

واجباتِ نماز

گیارہ چیزیں واجب ہیں۔ اگر کوئی شخص جان بوجھ کر ان میں سے ایک چیز بھی چھوڑ دے تو نماز باطل ہوجائیگی لیکن اگر بھول کر کوئی چیز چھوٹی ہے تو اس کے لئے سجدہ سہو وغیرہ جیسے احکام ہیں اور وہ گیارہ چیزیں یہ ہیں۔ ان میں سے پانچ رکن ہیں جن کا ذکر اوپر آچکا ہے

۱۔ نیّت ۲۔ قیام

۳۔ تکبیرۃ الاحرام۔ سورتوں کے پڑھنے کے لئے صحیح طریقے سے روبہ قبلہ کھڑے رہنا

۴۔ پہلی اور دوسری رکعت میں سورہ الحمد اور ایک اور سورہ پڑھنا۔

۵۔ تیسری اور چوتھی رکعت میں فقط سورہ الحمد پڑھنا یا تسبیحات اربعہ پڑھنا۔

۶۔ رکوع۔

۷۔ ساتوں اعضاء سے دونوں سجدے اور ذکر رکوع و سجود۔

۸۔ تشہد پڑھنا۔

۹۔ ختم نماز کے لئے ذکر تشہد کے بعد سلام پڑھنا۔

۱۰۔ تمام افعال نماز میں ترتیب کا خیال رکھنا۔

۱۱ یکے بعد دیگرے افعال کو مسلسل بجا لانا یعنی موالات

ہدایات

۱۔ سورتیں اور اذکار نماز صحیح پڑھے جائیں یعنی زیر۔ زبر۔ پیش حروف کی آوازیں اور وقفہ وغیرہ قرأت و تجوید کے مطابق ہو۔

۲۔ رکوع۔ سجدے اور قنوت میں درود پڑھیں۔

۳۔ نماز میں جو کچھ پڑھا جارہا ہے اس کے معنی سے غافل نہ رہنا چاہیئے۔

حدیث کساء

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ
(تین مرتبہ)

رُوِيَ عَنْ فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ سَلَامُ اللّٰهِ عَلَيْهَا اَنَّهَا قَالَتْ دَخَلَ
روایت کی گئی ہے حضرت فاطمہ زہرا علیہا السلام سے کہ فرمایا ان معصومہ نے تشریف لائے

عَلَيَّ اَبِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِيْ بَعْضِ الْاَيَّامِ
میرے یہاں میرے پدر بزرگوار رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم بعض دنوں میں

وَقَالَ لِيْ يَا فَاطِمَةُ اِنِّيْ لَاَجِدُ فِيْ بَدَنِيْ ضُعْفًا فَقُلْتُ لَهٗ
اور مجھ سے فرمایا اے فاطمہؑ میں اپنے جسم میں ضعف پاتا ہوں حضرت فاطمہؑ نے آنحضرت سے

اُعِيْذُكَ بِاللّٰهِ يَا اَبَتَاهُ مِنَ الضُّعْفِ فَقَالَ يَا فَاطِمَةُ ائْتِيْنِيْ بِالْكِسَاءِ
عرض کیا کہ میں خدا کی پناہ میں آپ کو دیتی ہوں اے بابا ضعف سے آنحضرت نے فرمایا اے فاطمہؑ میرے لئے چادر یمانی لے

الْيَمَانِيْ وَغَطِّيْنِيْ بِهٖ قَالَتْ فَاطِمَةُ سَلَامُ اللّٰهِ عَلَيْهَا فَاَتَيْتُهٗ بِالْكِسَآءِ
آؤ اور مجھے اُوڑھاؤ فرمایا حضرت فاطمہ علیہا السلام نے کہ میں چادر لائی اور میں نے ان حضرت کو

وَغَطَّيْتُهٗ بِهٖ وَصِرْتُ اَنْظُرُ اِلَيْهِ وَاِذَا وَجْهُهٗ يَتَلَاْلَاُ نُوْرًا كَاَنَّهٗ
اُوڑھادی اور میں ان جناب کو دیکھ رہی تھی کہ یکایک چہرہ آنحضرت کا نورانی اور روشن ہوکر چمکنے لگا

الْبَدْرُ فِيْ لَيْلَةِ تَمَامِهٖ وَكَمَالِهٖ (صلوات) قَالَتْ فَاطِمَةُ سَلَامُ اللّٰهِ عَلَيْهَا فَمَا
مثل چودھویں رات کے چاند کے فرمایا حضرت فاطمہ علیہا السلام نے پھر تھوڑی دیر

كَانَتْ اِلَّا سَاعَةً وَّاِذَا بِوَلَدِيَ الْحَسَنِ قَدْ اَقْبَلَ وَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكِ
گذری تھی کہ میرا فرزند حسنؑ آیا اور کہا میرا سلام ہو آپ پر

يَا اُمَّاهُ فَقُلْتُ عَلَيْكَ السَّلَامُ يَا قُرَّةَ عَيْنِيْ وَثَمَرَةَ فُؤَادِيْ
اے مادر گرامی پس کہا میں نے اور تم پر بھی میرا سلام ہو اے خنکیٔ چشم اور میوہ دل میرے

فَقَالَ لِيْ يَا اُمَّاهُ اِنِّيْ اَشَمُّ عِنْدَكِ رَائِحَةً طَيِّبَةً كَاَنَّهَا رَائِحَةُ
پس حسنؑ نے مجھ سے کہا اماں جان میں سونگھ رہا ہوں آپ کے پاس ایسی خوشبو کہ گویا وہ خوشبو میرے

جَدِّيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ فَقُلْتُ نَعَمْ اِنَّ جَدَّكَ
نانا رسول اللہ صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کی ہے فرمایا حضرت فاطمہؑ نے کہ ہاں تحقیق کہ

نَآئِمٌ تَحْتَ الْكِسَاءِ فَاَقْبَلَ الْحَسَنُ نَحْوَ الْكِسَآءِ وَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكَ
تمہارے نانا آرام کر رہے ہیں چادر کے نیچے پس حسنؑ چادر کی طرف متوجہ ہوئے اور عرض کیا سلام ہو آپ پر

يَا جَدَّاهُ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتَاْذَنُ لِيْ اَنْ اَدْخُلَ مَعَكَ
اے نانا جان میرے اور سلام ہو آپ پر اے رسول خدا کیا آپ مجھے اجازت دیتے ہیں کہ میں داخل ہوں آپ کے پاس

تَحْتَ هٰذَا الْكِسَاۤءِ فَقَالَ لَهٗ نَعَمْ قَدْ اَذِنْتُ لَكَ فَدَخَلَ الْحَسَنُ

اس چادر میں پس حضرت رسولؐ خدا نے فرمایا حسنؑ میں تم کو اجازت دیتا ہوں پس امام حسن علیہ السلام

عَلَيْهِ السَّلَامُ مَعَهٗ تَحْتَ الْكِسَاۤءِ (صلوات) قَالَتْ فَاطِمَةُ سَلَامُ اللّٰهِ عَلَيْهَا

حضرت کے پاس چادر میں داخل ہوئے فرمایا حضرت فاطمہ علیہا السلام نے کہ تھوڑی دیر

فَمَا كَانَتْ اِلَّا سَاعَةٌ وَّاِذَا بِوَلَدِيَ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَدْ

گذری تھی کہ میرا فرزند حسینؑ آیا اور عرض کیا

اَقْبَلَ وَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا اُمَّاهُ فَقُلْتُ عَلَيْكَ السَّلَامُ يَا قُرَّةَ

حسینؑ نے میرا سلام ہو آپ پر اے مادر گرامی ، پس میں نے جواب دیا کہ تم پر سلام ہو اے خنکیٔ چشم

عَيْنِيْ وَثَمَرَةَ فُؤَادِيْ فَقَالَ يَا اُمَّاهُ اِنِّيْ اَشُمُّ عِنْدَكِ رَائِحَةً

اور میوۂ دل میرے پس عرض کیا امام حسینؑ نے اے اماں جان آپ کے پاس ایسی خوشبو سونگھ

طَيِّبَةً كَاَنَّهَا رَائِحَةُ جَدِّيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ فَقُلْتُ

رہا ہوں کہ گویا وہ خوشبو میرے نانا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ کی ہے پس میں نے

نَعَمْ اِنَّ جَدَّكَ وَاَخَاكَ نَائِمَانِ تَحْتَ هٰذَا الْكِسَاۤءِ فَدَنَى الْحُسَيْنُ

جواب دیا ہاں اے فرزند تمہارے بھائی اور نانا دونوں آرام کر رہے ہیں چادر میں پس امام حسین

عَلَيْهِ السَّلَامُ نَحْوَ الْكِسَاۤءِ وَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا جَدَّاهُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

علیہ السلام قریب چادر گئے اور عرض کیا حسینؑ نے سلام ہو آپ پر اے نانا جان سلام ہو آپ پر

يَا مَنِ اخْتَارَهُ اللّٰهُ اَتَاْذَنُ لِيْ اَنْ اَكُوْنَ مَعَكُمَا تَحْتَ هٰذَا الْكِسَاۤءِ

اے وہ بزرگوار جس کو خدا نے پسند کیا کیا آپ مجھے اجازت دیتے ہیں کہ میں آپ دونوں بزرگواروں کے پاس چادر میں

فَقَالَ لَهٗ نَعَمْ قَدْ اَذِنْتُ لَكَ يَا حُسَيْنُ فَدَخَلَ مَعَهُمَا الْحُسَيْنُ

داخل ہوں، فرمایا رسول خدا نے امام حسینؑ سے ہاں میں تم کو اجازت دیتا ہوں پس امام حسینؑ دونوں بزرگواروں کے ساتھ

تَحْتَ الْكِسَاۤءِ (صلوات) قَالَتْ فَاطِمَةُ عَلَيْهَا السَّلَامُ فَمَا كَانَتْ اِلَّا سَاعَةٌ

چادر میں داخل ہوئے فرمایا جناب فاطمہ علیہا السلام نے پس تھوڑی دیر گذری تھی

وَّاِذَا بِاَبِي الْحَسَنِ عَلِيِّ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَدْ اَقْبَلَ فَقَالَ اَلسَّلَامُ

کہ حضرت ابو الحسن علی ابن ابی طالب علیہ السلام تشریف لائے اور فرمایا سلام ہو تم پر

عَلَيْكِ يَا بِنْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ فَقُلْتُ عَلَيْكَ السَّلَامُ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ فَقَالَ

اے بیٹی رسولؐ خدا کی حضرت فاطمہؑ نے کہا آپ پر بھی سلام ہو اے امیرالمومنین فرمایا

يَا فَاطِمَةُ اِنِّيْ اَشُمُّ عِنْدَكِ رَائِحَةً طَيِّبَةً كَاَنَّهَا رَائِحَةُ اَخِيْ وَابْنِ عَمِّيْ

امیرالمومنین نے اے فاطمہؑ میں سونگھ رہا ہوں آپ کے پاس وہ پاکیزہ خوشبو گویا وہ خوشبو میرے بھائی اور ابن عم

رَسُوْلِ اللّٰهِ فَقُلْتُ نَعَمْ هَا هُوَ مَعَ وَلَدَيْكَ نَائِمٌ تَحْتَ هٰذَا الْكِسَاۤءِ

جناب رسولؐ خدا کی ہے میں نے کہا آپ آگاہ ہوں وہ جناب ہمراہ آپ کے فرزندوں کے آرام کر رہے ہیں چادر کے نیچے

فَاَقْبَلَ عَلِیٌّ عَلَیْهِ السَّلَامُ نَحْوَ الْكِسَاۤءِ وَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا مَنِ
پس علی ابن ابی طالب علیہ السلام متوجہ ہوئے چادر کی طرف اور عرض کیا سلام ہو آپ پر اے خدا کے

اخْتَارَهُ اللهُ اَتَاْذَنُ لِیْ اَنْ اَدْخُلَ مَعَكُمْ تَحْتَ هٰذَا الْكِسَاۤءِ قَالَ
منتخب رسولؐ کیا آپ اجازت دیتے ہیں کہ میں بھی آپ کے پاس چادر میں حاضر ہوں فرمایا

نَعَمْ قَدْ اَذِنْتُ لَكَ فَدَخَلَ عَلِیٌّ مَعَهُمْ تَحْتَ الْكِسَاۤءِ (صلوات) قَالَتْ فَاطِمَةُ
رسولؐ خدا نے ہاں میں نے اجازت دی پس علیؑ ابن ابی طالب اُن کے پاس چادر میں داخل ہوئے فرمایا حضرت فاطمہ

سَلَامُ اللهِ عَلَیْهَا ثُمَّ اَقْبَلْتُ نَحْوَ الْكِسَاۤءِ وَقُلْتُ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا
علیہا السلام نے کہ بعد اس کے میں خود اس چادر کی طرف متوجہ ہوئی اور عرض کیا میں نے سلام ہو آپ پر اے

اَبَتَاهُ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللهِ اَتَاْذَنُ لِیْ اَنْ اَدْخُلَ مَعَكُمْ
بابا جان سلام ہو آپ پر اے رسولؐ خدا کیا آپ مجھے اجازت دیتے ہیں کہ میں آپ کے ساتھ

تَحْتَ هٰذَا الْكِسَاۤءِ قَالَ نَعَمْ قَدْ اَذِنْتُ لَكِ فَدَخَلْتُ مَعَهُمْ
چادر میں داخل ہوں فرمایا رسولؐ خدا نے ہاں میں نے اجازت دی تم کو حضرت فاطمہؑ کہتی ہیں کہ

تَحْتَ الْكِسَاۤءِ (صلوات) قَالَتْ فَاطِمَةُ فَلَمَّا اكْتَمَلْنَا جَمِیْعًا تَحْتَ الْكِسَاۤءِ
میں آنحضرت کے پاس چادر میں داخل ہوئی حضرت فاطمہؑ نے فرمایا جب ہم سب اہلبیت جمع ہو گئے چادر میں تو

قَالَ اللهُ اِعْلَمُوْا یَا مَلٰۤئِكَتِیْ وَسُكَّانَ سَمٰوٰتِیْ وَعِزَّتِیْ وَجَلَالِیْ
فرمایا خدائے عزّوجل نے کہ آگاہ ہو اے ملائکہ میرے رہنے والے میرے آسمانوں میں قسم ہے مجھے اپنے عزّت و جلال کی کہ

اِنِّیْ مَا خَلَقْتُ سَمَاۤءً مَّبْنِیَّةً وَّلَا اَرْضًا مَّدْحِیَّةً وَّلَا قَمَرًا مُّنِیْرًا وَّلَا
نہیں پیدا کیا میں نے آسمان کو جو بلند و مستحکم بنا کیا گیا ہے اور زمین کو جو بچھائی ہوئی ہے اور نہ چمکتے ہوئے چاند کو

شَمْسًا مُّضِیْئَةً وَّلَا فَلَكًا یَّدُوْرُ وَلَا بَحْرًا یَّجْرِیْ وَلَا فُلْكًا یَّسْرِیْ
اور نہ روشن سورج کو اور نہ دریا کو جو جاری ہوتا ہے اور نہ کشتی کو جو رواں ہوتی ہے

اِلَّا فِیْ مَحَبَّةِ هٰۤؤُلَاۤءِ الْخَمْسَةِ الَّذِیْنَ هُمْ تَحْتَ الْكِسَاۤءِ (صلوات) فَقَالَ جِبْرَئِیْلُ
مگر محبت میں ان پانچوں بزرگواروں کے جو چادر میں ہیں پس عرض کی جبرئیل

عَلَیْهِ السَّلَامُ یَا رَبِّ وَمَنْ تَحْتَ الْكِسَاۤءِ قَالَ اللهُ تَعَالٰی هُمْ اَهْلُ بَیْتِ
علیہ السلام نے اے پروردگار وہ کون بزرگوار چادر میں جمع ہیں فرمایا خدائے تعالیٰ نے وہ اہلبیت

النُّبُوَّةِ وَمَعْدِنُ الرِّسَالَةِ وَهُمْ فَاطِمَةُ وَاَبُوْهَا وَبَعْلُهَا وَبَنُوْهَا (صلوات)
نبوّت اور معدن رسالت ہیں اور وہ فاطمہؑ زہرا اور اُن کے پدر بزرگوار اور اُن کے شوہر اور دونوں فرزند ہیں

فَقَالَ جِبْرَئِیْلُ یَا رَبِّ اَتَاْذَنُ لِیْ اَنْ اَهْبِطَ اِلَی الْاَرْضِ لِاَكُوْنَ مَعَهُمْ
عرض کی جبرئیلؑ نے اے پروردگار مجھے اجازت دے کہ میں زمین پر جا کر ان حضرات کے ساتھ چھٹا

سَادِسًا فَقَالَ اللهُ تَعَالٰی نَعَمْ قَدْ اَذِنْتُ لَكَ فَهَبَطَ الْاَمِیْنُ جِبْرَئِیْلُ
شخص چادر میں ہو جاؤں فرمایا خدائے تعالیٰ نے ہاں میں نے اجازت دی پس نازل ہوئے جبرئیل امین علیہ السلام

وَاَقْبَلَ نَحْوَ الْكِسَاۤءِ وَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنِ اخْتَارَهُ اللّٰهُ اِنَّ اللّٰهَ

اور اس چادر کی طرف متوجہ ہوئے اور عرض کیا سلام ہو آپ پر اے رسولؐ خدا اور سلام ہو آپ پر اے نگاہِ قدرت

عَزَّ وَجَلَّ يُقْرِئُكَ السَّلَامَ وَيَخُصُّكَ بِالتَّحِيَّةِ وَالْاِكْرَامِ وَيَقُوْلُ لَكَ

میں انتخاب کئے ہوئے بالتحقیق کہ خدائے غالب و جلیل آپ کو سلام ارشاد فرماتا ہے اور خاص فرماتا ہے آپ کو تحیۃ واکرام کے ساتھ

وَعِزَّتِيْ وَجَلَالِيْ اِنِّيْ مَا خَلَقْتُ سَمَاۤءً مَّبْنِيَّةً وَّلَا اَرْضًا مَّدْحِيَّةً

اور فرماتا ہے کہ قسم ہے مجھے اپنے عزت و جلال کی میں نے نہیں پیدا کیا آسمان کو جو بلند و مستحکم بنا کر کیا گیا ہے اور زمین کو جو

وَّلَا قَمَرًا مُّنِيْرًا وَّلَا شَمْسًا مُّضِيْئَةً وَّلَا فَلَكًا يَّدُوْرُ وَلَا بَحْرًا

بچھائی ہوئی ہے اور نہ چمکتے ہوئے چاند کو اور نہ روشن سورج کو اور نہ دریا کو جو جاری ہوتا ہے اور نہ

يَّجْرِيْ وَلَا فُلْكًا يَّسْرِيْ اِلَّا لِاَجْلِكُمْ وَمَحَبَّتِكُمْ وَقَدْ اَذِنَ لِيْ اَنْ

کشتی کو جو رواں ہوتی ہے مگر آپ حضرات کے سبب اور محبت کے باعث سے اور مجھ کو اجازت دی ہے کہ

اَدْخُلَ مَعَكُمْ تَحْتَ هٰذَا الْكِسَاۤءِ فَهَلْ تَاْذَنُ لِيْ اَنْتَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

میں آپ کے پاس چادر میں داخل ہوں؟ کیا آپ مجھے اجازت دیتے ہیں اے رسول خداؐ کہ

اَنْ اَدْخُلَ مَعَكُمْ فَقَالَ قَدْ اَذِنْتُ لَكَ فَدَخَلَ جِبْرَئِيْلُ مَعَهُمْ

میں داخل ہوں آپ کے پاس چادر میں فرمایا رسولؐ خدا نے میں تم کو اجازت دیتا ہوں اے جبرئیلؑ پس جبرئیلؑ

تَحْتَ الْكِسَاۤءِ (صلوات) وَقَالَ لَهُمْ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ اَوْحٰى اِلَيْكُمْ يَقُوْلُ

چادر میں داخل ہوئے اور عرض کیا ان بزرگواروں سے کہ خدائے عزّ و جل نے وحی فرمائی ہے آپ حضرات کی طرف اور

اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ

فرماتا ہے کہ سوائے اس کے نہیں کہ خدا چاہتا ہے کہ دور رکھے آپ حضرات سے نجاست کو اور خدا آپ کو پاکیزہ رکھے کامل پاکیزگی

تَطْهِيْرًا (صلوات) فَقَالَ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَخْبِرْنِيْ مَا لِجُلُوْسِنَا

کے ساتھ پس عرض کیا علیؑ ابن ابی طالب نے اے رسولؐ خدا بیان فرمائیے مجھ سے اس امر کو جو ہم سب کے بیٹھنے سے

هٰذَا تَحْتَ الْكِسَاۤءِ مِنَ الْفَضْلِ عِنْدَ اللّٰهِ تَعَالٰى فَقَالَ النَّبِيُّ

اس چادر میں خدائے تعالٰے کے نزدیک فضیلت حاصل ہے پس فرمایا رسولؐ خدا نے

وَالَّذِيْ بَعَثَنِيْ بِالْحَقِّ نَبِيًّا وَّاصْطَفَانِيْ بِالرِّسَالَةِ نَجِيًّا مَّا ذُكِرَ

قسم اس خدا کی جس نے مجھے مبعوث کیا نبی برحق اور اختیار فرمایا ہے مجھے اپنا رازدار ساتھ رسالت کے نہ ذکر کی جائے گی

خَبَرُنَا هٰذَا فِيْ مَحْفِلٍ مِّنْ مَّحَافِلِ اَهْلِ الْاَرْضِ وَفِيْهِ جَمْعٌ مِّنْ

یہ حدیث ہماری کسی محفل میں محفلوں سے اہل زمین کی درآنحالیکہ اس محفل میں

شِيْعَتِنَا وَمُحِبِّيْنَا اِلَّا وَنَزَلَتْ عَلَيْهِمُ الرَّحْمَةُ وَحَفَّتْ بِهِمُ الْمَلٰۤئِكَةُ

ایک جماعت ہو شیعوں سے ہمارے اور دوستوں سے ہمارے مگر یہ کہ ان پر نازل ہوگی رحمت خدا کی اور ملائکہ ان کو گھیر لیں گے

وَاسْتَغْفَرَتْ لَهُمْ اِلٰى اَنْ يَّتَفَرَّقُوْا (صلوات) فَقَالَ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ اِذًا وَّاللّٰهِ فُزْنَا

اور ان کے لئے طلب مغفرت کریں گے یہاں تک کہ وہ سب متفرق ہوں یہ سن کر علی علیہ السلام نے فرمایا اس وقت بخدا کامیاب

وَسُعِدْنَا وَكَذٰلِكَ شِيْعَتُنَا فَازُوْا وَسُعِدُوْا وَرَبِّ الْكَعْبَةِ فَقَالَ

ہوئے ہم اور اسی طرح شیعہ ہمارے کامیاب ہوئے برب خانہ کعبہ پس فرمایا

رَسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِيْ بَعَثَنِيْ بِالْحَقِّ نَبِيًّا وَّاصْطَفَانِيْ بِالرِّسَالَةِ

رسولؐ خدا نے قسم ہے اُس خدا کی جس نے مجھے بحق نبی مبعوث کیا اور اختیار فرمایا مجھے اپنا راز دار ساتھ

نَجِيًّا مَّا ذُكِرَ خَبَرُنَا هٰذَا فِيْ مَحْفِلٍ مِّنْ مَّحَافِلِ اَهْلِ الْاَرْضِ

رسالت کے نہ بیان کی جائے گی ہماری یہ حدیث کسی محفل میں اہل زمین کی محفلوں میں سے

وَفِيْهِ جَمْعٌ مِّنْ شِيْعَتِنَا وَفِيْهِمْ مَّهْمُوْمٌ اِلَّا وَفَرَّجَ اللّٰهُ هَمَّهٗ وَلَا مَغْمُوْمٌ

درحالیکہ اُس میں جمع ہوں ہمارے شیعہ اور اُن میں سے جو رنجیدہ ہوگا خداوند عالم اُس کے رنج کو ضرور دور کرے گا

اِلَّا وَكَشَفَ اللّٰهُ غَمَّهٗ وَلَا طَالِبُ حَاجَةٍ اِلَّا وَقَضَى اللّٰهُ حَاجَتَهٗ

اور جو کوئی طلب کرنے والا حاجت کا ہوگا حق تعالیٰ اُس کی حاجت پوری کرے گا

فَقَالَ عَلِيٌّ اِذًا وَّاللّٰهِ فُزْنَا وَسُعِدْنَا وَكَذٰلِكَ شِيْعَتُنَا فَازُوْا

یہ سُن کر علی ابن ابی طالب نے فرمایا قسم بخدا اس وقت ہم اہلبیت فائز و سعید ہوئے اور اسی طرح ہمارے شیعہ فائز

وَسُعِدُوْا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

و سعید ہوئے دُنیا اور آخرت میں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

خدایا رحمت نازل فرما محمدؐ و آلِ محمدؐ پر (تین مرتبہ)

دُعا بعد ختم حدیث

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَاَنْتَ الْمَحْمُوْدُ وَبِحَقِّ عَلِيٍّ وَاَنْتَ الْاَعْلٰى

بار الٰہا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں محمدؐ کے حق کے واسطے سے اور تو محمود ہے علیؑ کے حق کے واسطے سے اور تو اعلیٰ ہے

وَبِحَقِّ فَاطِمَةَ وَاَنْتَ فَاطِرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَبِحَقِّ الْحَسَنِ وَ

فاطمہؑ کے واسطے سے اور تو "فاطر" زمین و آسمان کا بنانے والا ہے حسنؑ کے حق کے واسطے سے اور

اَنْتَ الْمُحْسِنُ وَبِحَقِّ الْحُسَيْنِ وَاَنْتَ قَدِيْمُ الْاِحْسَانِ وَبِحَقِّ الْاَئِمَّةِ التِّسْعَةِ

تو محسن عالم ہے حسینؑ کے حق کے واسطے سے اور تیری ذات صاحب احسان قدیم ہے اور اُن نو پاکیزہ اماموں کے

الطَّاهِرِيْنَ مِنْ ذُرِّيَّةِ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ

حق کے واسطے سے جو اولاد امام حسینؑ ہیں (میری دعا کو قبول فرما)

دعائے امام زمان علیہ السلام

اَللّٰهُمَّ كُنْ لِوَلِيِّكَ الْحُجَّةِ ابْنِ الْحَسَنِ

صَلَوٰتُكَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰبَآئِهٖ فِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ

وَفِيْ كُلِّ سَاعَةٍ وَلِيًّا وَّحَافِظًا وَّقَآئِدًا وَّنَاصِرًا

وَّدَلِيْلًا وَّعَيْنًا حَتّٰى تُسْكِنَهٗ اَرْضَكَ طَوْعًا

وَّتُمَتِّعَهٗ فِيْهَا طَوِيْلًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَجِّلْ فَرَجَهُمْ

کیا میں حق زہرا، (خمس)، ادا کر رہا ہوں؟

تالیفات موٴلف

۱ اعجاز آئمہ ع

۲ معجزات امام زمانہ ع

۳ اثنا عشریہ تفسیر نا القران

۴ معجزات حیدریہ

۵ برگ جعفریہ جنتری

پاکٹ سائز

سٹاکسٹ: افتخار بک ڈپو

اسلام پورہ لاہور

روضۂ اقدس جناب علی بن موسیٰ الرضا علیہ السلام مشہد مقدس (ایران)



Inv

INDUSTRIAL ACCIDE
2 Bloor St. West, 31st

SP85-2

2

3.